## درندہ صفت طالبان دہشت گرد پاکستان کوعدم استحکام سے دوچار کرنے کیلئے کھلی جنگ کررہے ہیں، الطاف حسین

## دہشت گردی کے پیش نظر علاقائی سطح پر حفاظتی کمیٹیوں کا قیام اور مشکوک عناصر پر کڑی نظر رکھنا وقت کی اہم ضرورت ہے

## پشاور میں رنگ روڈ کے پتنگ چوک پر پولیس ناکے پر ہونے والے خودکش بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت

لندن۔۔۔9،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پشاور میں رنگ روڈ کے پتنگ چوک پر پولیس ناکے پر ہونے والے خودکش بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور دھماکے کے نتیجے میں رکشہ ڈرائیور، پولیس اہلکار اور راہ گیروں کے شہید ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ درندہ صفت طالبان دہشت گرد پاکستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کیلئے کھلی جنگ کررہے ہیں اور مسلح افواج، سیکورٹی فورسز، ان کے مراکز، دفاعی تنصیبات، اہم سرکاری ونجی مراکز، بازاروں پر پے درپے خودکش حملوں اور بم دھماکے کے ذریعے معصوم اور بے گناہ عوام کے خون سے ہولی کھیل رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک کی مسلح افواج، سیکورٹی ایجنسیاں اور قانون نافذ کرنے والے ادارے بہادری کے ساتھ اپنی جانوں کے نذرانے پیش کررہے ہیں اور ملک کی سلامتی کو یقینی بنانے کیلئے دی جانے والی ان کی قربانیوں کو عوام ہرگز رائیگاں نہیں جانے دیں گے۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف ملک بھر کے عوام کو بھرپور اتحاد کا مظاہرہ کرکے عملی طور پر میدان عمل میں آنا ہوگا اور مسلح افواج اور سیکورٹی فورسز کا ساتھ دینا ہوگا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ دہشت گردی کے پیش نظر علاقائی سطح پر حفاظتی کمیٹیوں کا قیام اور مشکوک عناصر پر کڑی نظر رکھنا وقت کی اہم ضرورت ہے اور اسی حفاظتی نظام کے تحت دہشت گردی کے منصوبے ناکام بنانے میں مدد مل سکتی ہے۔جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ درندہ صفت طالبان دہشت گردوں کا جلد از جلد خاتمہ کیا جائے، دہشت گردی سے نمٹنے اور عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے موثر اور ٹھوس اقدامات بروئے کار لائے جائیں تاکہ معصوم انسانی جانوں کو بچایا جاسکے۔جناب الطاف حسین نے خودکش دھماکے میں شہید ہونے والے افراد کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے کارکنان اور پوری قوم آپ کے غم میں برابر کی شریک ہے۔انہوں نے خودکش بم دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## بم دھماکوں کے ذریعے خون کی ہولی کھیلنے والے دہشت گرد ملک بھر کے عوام، مسلح افواج اور سیکورٹی فورسز کے بلند حوصلوں کا سامنا نہیں کرسکتے، الطاف حسین

## پشاور کے رنگ روڈ اور باجوڑ ایجنسی میں ہونے والا بم دھماکے طالبان دہشت گردوں کی بزدلی ہے، دھماکے پر شدید اظہار مذمت

لندن۔۔۔9،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے باجوڑ ایجنسی میں ہونے والے بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور پشاور کے رنگ روڈ اور باجوڑ ایجنسی میں ہونے والے دھماکوں کو طالبان دہشت گردوں کی بزدلی قرار دیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ سفاک طالبان ملک کی سلامتی کے دشمن بنے بیٹھے ہیں اور کھلے عام مسلح افواج، سیکورٹی فورسز اور معصوم عوام کو خودکش بم دھماکوں کے ذریعے اپنی درندگی کا نشانہ بنارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک میں طالبان دہشت گردوں کی درندہ صفت کارروائیوں پر بعض اینکر پرسن، صحافیوں اور سیاسی و مذہبی جماعتوں کا عمل وکردار دوغلا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ بم دھماکوں کے ذریعے خون کی ہولی کھیلنے والے دہشت گرد ملک بھر کے عوام، مسلح افواج اور سیکورٹی فورسز کے دہشت گردی کے خلاف بلند حوصلے کا سامنا نہیں کرسکتے۔انہوں نے زور دیا کہ دہشت گردی کی حالیہ لہر سے نمٹنے کیلئے ملک بھر میں علاقائی سطح پر پہرے داری نظام قائم کیا جائے اور عوام خود مشکوک عناصر پر نظر رکھیں اور اس کی اطلاع قریبی پولیس اسٹیشن کو دیں۔جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ باجوڑ ایجنسی میں بم دھماکے کا سختی سے نوٹس لیا جائے، طالبان دہشت گردوں کی آمد ورفت اور دہشت گردی کی کارروائیوں کا روکا جائے، معصوم عوام کی زندگیوں کو تحفظ فراہم کیا جائے اور ملک بھر سے طالبانائزیشن کی سازش کو جلد سے جلد جڑ سے اکھاڑ کر پھینکا جائے۔جناب الطاف حسین نے باجوڑ ایجنسی بم دھماکے میں شہید ہونے والے افراد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## حکومت پنجاب کی جانب سے ایم کیوایم کا مؤقف پیش کرنے والے اینکر پرسن ،صحافیوں اورایم کیوایم پنجاب کے ذمہ داروں اورکارکنوں کے خلاف انتقامی کارروائیاں اور ہراساں کرنے کی کوششیں قابل مذمت ہیں۔الطاف حسین

## حکومت پنجاب انتقامی کارروائیوں سے باز رہے ورنہ ایم کیوایم پورے ملک میں پرامن مظاہرے اوراحتجاج کا حق محفوظ رکھتی ہے

## ایم کیوایم کی تحقیقاتی کمیٹی کے اراکین پورے صوبہ پنجاب میں جاچکے ہیں تاکہ وہ صحافی برادری اوراینکر پرسن کودی جانیوالی دھمکیوں کا حقائق کی روشنی میں جائزہ لے سکیں

## انتقامی کارروائیوں کا نشانہ بننے والے صحافیوں اورایم کیوایم کے ذمہ داروں اورکارکنوں سے الطاف حسین کا اظہار ہمدردی

## اگرحکومت پنجاب صحافیوں اوراینکر پرسن کے خلاف دھونس دھمکی اور طاقت کا ناجائزاستعمال جاری رکھے گی تو اسکے اچھے نتائج برآمد نہیں ہونگے

لندن۔۔۔ 9 نومبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پنجاب کی صوبائی حکومت کی جانب سے ایم کیوایم کا مؤقف پیش کرنے والے اینکر پرسن اورصحافیوں اورایم کیوایم پنجاب کے ذمہ داروں اورکارکنوں کے خلاف کی جانے والی بلاجواز انتقامی کارروائیوں اورانہیں ہراساں کرنے کی کوششوں کی شدید مذمت کی ہے اورحکومت پنجاب سے کہاہے کہ وہ انتقامی کارروائیوں کے اس عمل سے باز رہے ورنہ ایم کیوایم پورے ملک میں پنجاب کی موجودہ صوبائی حکومت کے خلاف پرامن مظاہروں اوراحتجاج کا حق محفوظ رکھتی ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہاکہ اگرحکومت پنجاب حق پرست صحافیوں اوراینکر پرسن کے خلاف دھونس دھمکی اور طاقت کا ناجائز استعمال جاری رکھے گی تو اس کے اچھے نتائج برآمد نہیں ہوں گے لہٰذاحکومت پنجاب صحافی برادری اورایم کیوایم پنجاب کے ذمہ داروں وکارکنوں کے خلاف ریاستی طاقت کااستعمال اورانتقامی کارروائیاں فی الفور بندکردے ورنہ حکومت پنجاب کے ذمہ داروں کو پنجاب سمیت ملک کے تمام صوبوں میں عوام کے احتجاج کا سامنا کرناپڑے گا۔انہوں نے کہاکہ ایم کیوایم کی تحقیقاتی کمیٹی کے اراکین پورے صوبہ پنجاب میں جاچکے ہیں تاکہ وہ صحافی برادری اوراینکر پرسن کودی جانیوالی دھمکیوں کا حقائق کی روشنی میں جائزہ لے سکیں۔جناب الطاف حسین نے حکومت پنجاب کی انتقامی کارروائیوں کا نشانہ بننے والے صحافیوں،اینکر پرسن اورایم کیوایم پنجاب کے ذمہ داروں اورکارکنوں سے مکمل یکجہتی اور ہمدردی کا اظہار کیا۔

## جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پرآفاقی شاعرڈاکٹرعلامہ محمداقبالؒ کی 132ویں سالگرہ کے موقع پرایم کیوایم کے وفدنے مزاراقبالؒ پرپھولوں کی چادر چڑھائی۔

لاہور۔۔۔۔۔۔۔9،نومبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پرآفاقی شاعرڈاکٹرعلامہ محمداقبالؒ کی 132ویں سالگرہ کے موقع پرمتحدہ قومی موومنٹ کے وفد نے مزاراقبالؒ پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی ۔ایم کیوایم کے وفد میں اراکین رابطہ کمیٹی ڈاکٹرعلی حسین،سیف یار خان،حق پرست مشیر وزیراعلیٰ سندھ خواجہ اظہارالحسن،سیکرٹری اطلاعات پنجاب عنصرعلی بُٹر،محترمہ پروین اختر،مقصوداعوان ایڈووکیٹ،رانافرحت علی ایڈووکیٹ اور راؤمحمد خالد،عمرآغا علوی،خواجہ پرویزسمیت کارکنان کی بڑی تعدادشامل تھی۔دریں اثناں اس موقع پرملک کی سلامتی اوردفاع کے لیئے بھی خصوصی دعائیں کی گئیں۔

## تحریک انصاف کےسربراہ عمران خان کےکامیاب آپریشن پرالطاف حسین کا اظہاراطمینان

## عمران خان کی مکمل صحت یابی کیلئے دعا،نیک خواہشات کا اظہار

لندن۔۔۔9،نومبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان کے کامیاب آپریشن پراپنے اطمینان کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے عمران خان کی مکمل صحت یابی کیلئے دعا کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

## اوکاڑہ میں جھگیوں میں آتشزدگی کے باعث متعدد افراد کے جھلس کر جاں بحق اور زخمی ہونے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔9، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پنجاب کے شہر اوکاڑہ میں جھگیوں میں لگنے والی آتشزدگی کے باعث متعدد افراد کے جھلس کر جاں بحق اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے جھلس کر جاں بحق ہونے والے تمام افراد کے سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے افراد کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔جناب الطاف حسین نے جھلس کر زخمی ہونے والے افراد کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم لیاری سیکٹر کے کارکن محمد صالحین اور سائٹ ٹاؤن سیکٹر کے ذمہ دار اصغر خان کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔9، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لیاری سیکٹر یونٹ آگرتاج کالونی کے کارکن محمد صالحین اور ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی سائٹ ٹاؤن سیکٹر کے ذمہ دار اصغر خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## متحدہ قومی موومنٹ علماء کمیٹی کے وفد میں شامل معروف علماء اکرم علامہ اطہر حسین نقوی اور علامہ علی کر نقوی کی حق پرست امیدوار راجہ ذکریا کے ہمراہ سکردو کے معروف عالم دین اور جامعہ مسجد اسکردو کے پیش امام مولانا حسن جعفری سے ملاقات

گلگت،9، نومبر 2009ء

گلگت بلتستان میں انتخابی مہم میں مصروف متحدہ قومی موومنٹ کے علماء کے وفد میں شامل معروف علمائے اکرم علامہ اطہر حسین نقوی اور علامہ علی کر نقوی نے ایم کیوایم کے حق پرست امیدوار راجہ ذکریا کے انتخابی حلقے GBLA-7 میں اسکردو کے معروف عالم دین اور جامعہ مسجد اسکردو کے پیش امام مولانا حسن جعفری سے ملاقات کی اور ان کے ہمراہ ایک پرہجوم کارنر میٹنگ سے بھی خطاب کیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک بھر میں امن، محبت اور بھائی چارے کے پیغام کو فروغ دے رہے ہیں اور یہ ان کی عملی کوششوں اور جدوجہد کا ہی نتیجہ ہے کہ کراچی اور سندھ میں فرقہ وارانہ فسادات پر قابو پالیا گیا ہے اور اب وہاں مکمل فرقہ وارانہ ہم آہنگی پائی جاتی ہے۔اگر ان انتخابات میں نے ایم کیوایم کے حق پرست امیدوار کو بھاری تعداد میں ووٹ دیکر کامیاب کرایا تو گلگت بلتستان میں بھی جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور نظریئے کے مطابق مذہبی رواداری کو فروغ حاصل ہوگا اور گلگت بلتستان کو فلاحی معاشرے میں تبدیل کردیا جائے۔انہوں نے کہا کہ اتحاد بین المسلمین کیلئے بھی قائد تحریک جناب الطاف حسین کی عملی کاوشوں کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا او وہ ملک کو فلاحی ریاست بنانے کا عزم رکھتے ہیں۔انہوں نے کارنر میٹنگ کے شرکاء سے اپیل کی کہ وہ 12 نومبر کو ہونے والے انتخابات میں حق پرست امیدواروں کے حق میں ہی اپنا قیمتی ووٹ کا استعمال کرکے اپنے بھرپور اعتماد کا اظہار کریں۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے طبی کیمپوں کے انعقاد کا سلسلہ جاری۔ہزاروں مریضوں کا علاج کیا گیا

## الطاف حسین کا نظریہ اقتدار کے ایوانوں میں تیزی سے پہنچ رہا ہے، ملک بھر سے جاگیردارانہ نظام کا طلسم ٹوٹ رہا ہے

## انتخابی کارنر میٹنگوں سے ایم کیوایم کے رہنماؤں اور حق پرست امیدواران کا خطاب

گلگت۔۔۔9 نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر گلگت بلتستان کے مختلف اضلاع میں ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے طبی کیمپوں کے انعقاد کا سلسلہ جاری ہے جن سے اب تک مجموعی طور پر ہزاروں مریض استفادہ کرچکے ہیں۔اس سلسلے میں گزشتہ روز انتخابی حلقے GBLA-2 میں ایک روزہ اور

GBLA-4 میں دوروزہ طبی کیمپ لگائے گئے جہاں ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ماہر ڈاکٹروں نے مریضوں کا تفصیلی بخش معائنہ کیا اور انہیں ضروری ادویات فراہم کیں۔ یہ طبی کیمپس صبح 9 بجے سے شام 6 بجے تک بغیر کسی وقفہ کے جاری رہے یہاں مریض نوجوانوں، بزرگوں، خواتین اور بچوں کا ہجوم دکھائی دیا۔ طبی کیمپوں سے استفادہ کرنے والے مریضوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت تندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔اس موقع پر صوبائی تنظیمی کمیٹی کے اراکین اور میڈیکل ایڈ کمیٹی کے انچارج فاروق جمیل نے ان میڈیکل کیمپوں کا دورہ بھی کیا۔دریں اثناء ایم کیوایم گلگت بلتستان کے مرکزی الیکشن سیل کے ارکان کامران نظامی اور اشرف اورکزئی نے بلتستان اسکردو کے حلقہ GBLA-1 کے جعفری محلّہ کے رہائشی پختون وفد سے انتخابی دفتر میں ملاقات کی۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ الطاف حسین کا نظریہ اقتدار کے ایوانوں میں تیزی سے پہنچ رہا ہے اور ملک بھر سے جاگیردارانہ نظام کا طلسم ٹوٹ رہا ہے،گلگت بلتستان اسمبلی کے انتخابات میں حق پرستوں کی فتح ثابت کردے گی کہ ان علاقوں کے غریب عوام الطاف حسین کے ساتھ ہیں اور انشاء اللہ ایم کیوایم ہی وہ واحد جماعت ہوگی جو گلگت بلتستان کے عوام کے دیرینہ مسائل حل کریں گی اور ان کے جائز حقوق دلوائے گی۔پختون وفد کے ارکان نے قائد تحریک الطاف حسین پر اپنے اعتماد کا اظہار کیا اور 12 نومبر کے الیکشن میں اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ادھر گلگت کے علاقے نگر چوک امیری میں ایم کیوایم کے تحت ایک انتخابی کارنر میٹنگ بھی منعقد ہوئی جس میں الیکشن سیل کے ذمہ دار نوید شمسی اور حنیف سمیت دیگر ذمہ داران نے شرکت کی۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔9،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیاری سیکٹر یونٹ آگرہ تاج کالونی کے کارکن محمد صالحین، ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی سائٹ ٹاؤن سیکٹر کے ذمہ دار اصغر خان اور ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 83 کے کارکن عمران اویس کی والدہ محترمہ اختری بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے(آمین)

## جمشید ٹاؤن کے حق پرست اقلیتی کونسلر سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔9،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے جمشید ٹاؤن یونین کونسل 10 کے حق پرست اقلیتی کونسلر الیاس گل کے بھائی اندریاس مسیح کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ غم اور دکھ کی اس گھڑی میں ایم کیوایم کے تمام کارکنان برابر کے شریک ہیں۔

## اے پی ایم ایس او طلبہ کے روشن مستقبل کیلئے ہر ممکن اقدامات کرے گی، دانش احمد
## تعلیمی اداروں سے دہرے طبقاتی تعلیمی نظام کے خاتمہ کیلئے گلگت کے طلبہ اپنا کردار ادا کریں
## کارکنان وطلبہ کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

گلگت:۔۔۔9 نومبر،2009ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے مرکزی فنانس سیکرٹری دانش احمد نے کہا ہے کہ اے پی ایم ایس او گلگت کے طلبہ کے روشن مستقبل کیلئے ہر ممکن اقدامات کرے گی۔یہ بات انہوں نے ضلع بیسن میں جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئی کہی۔اس موقع پر ضلع بیسن کے مختلف کالجوں کے کارکنان وطلبہ کی کثیر تعداد موجود تھی۔انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں سے دہرے طبقاتی تعلیمی نظام کے خاتمے کیلئے گلگت کے طلبہ وطالبات اپنا کردار ادا کریں۔کسی بھی معاشرے میں طلبہ وطالبات تعلیم کے ذریعے معاشرے کی اصلاحی تبدیلی میں مثبت کردار ادا کرسکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ 62 سالوں سے ملک کے تعلیمی اداروں میں کوٹہ سسٹم اور دہرے طبقاتی تعلیمی نظام نے 98 فیصد مظلوم ومحکوم طلبہ کو میرٹ سے دور رکھا ہے۔لیکن ان تمام صورتحال میں اے پی ایم ایس او واحد طلبہ تنظیم ہے جو کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ وفکروفلسفے کے مطابق گزشتہ

31 سالوں سے تعلیمی اداروں میں 98 فیصد مظلوم ومحکوم طلباء وطالبات کیلئے فرسودہ کوٹہ سسٹم اور دہرے طبقاتی تعلیمی نظام کے خاتمے کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے لہٰذا ایسے میں آپ تمام طلبہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ کو عام کرنے کیلئے پیغام حق پرستی کو پہنچائیں۔انہوں نے طلبہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے پیغام کو پھیلانے کیلئے زیادہ سے زیادہ دلجوئی اور لگن سے کام کریں۔اس دوران جنرل ورکرز اجلاس میں موجود بعض طلبہ نے اے پی ایم ایس او میں شمولیت کا اعلان بھی کیا۔

## بلوچستان کے تاجک قبیلے نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کردیا

## الطاف حسین نے این آر او اور بلوچستان میں آپریشن کے خلاف آواز بلند کرکے عوام کے دل جیت لیے

## متحدہ کو بلوچستان کی سب سے بڑی جماعت بنا کردم لیں گے،ملک افضل تاجک کی کوئٹہ میں پریس کانفرنس

کوئٹہ۔۔۔9نومبر،2009ء

بلوچستان میں آباد تاجک قبیلے نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔تاجک قبیلے کے رہنماء اور تاجک قومی اتحاد کے مرکزی چیئرمین ملک محمد افضل تاجک ایڈووکیٹ نے اس بات کا اعلان کوئٹہ پریس کلب میں پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کوئٹہ کے آرگنائزر سلیم اختر ایڈووکیٹ،جوائنٹ آرگنائزر ملک عمران اللہ کاکڑ،ملک عبدالرحمٰن دہوار،سیکریٹری اطلاعات ملک جنت گل کاکڑ،فنانس سیکریٹری محمد نعیم یوسف زئی،سیکریٹری فنانس ارباب عبدالغنی کانسی ،تاجک قبیلے کے عمائدین اور نوجوان بھی موجود تھے۔پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ملک محمد افضل تاجک نے کہا کہ ایسے لوگ عظیم انسان ہوتے ہیں جو اپنے لئے نہیں بلکہ دوسروں کیلئے جیتے ہیں،قائد تحریک الطاف حسین بھی ایسی ہی عظیم شخصیت کے مالک ہیں انہوں نے غریب اور متوسط طبقے کے حالات زندگی بہتر بنانے کیلئے ملک وقوم کو ایک ایسے نظریئے سے روشناس کرایا جو محض کتابوں میں بند تھا۔انہوں نے کہا کہ ملک میں قائم تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کا کردار بے نقاب ہوچکا ہے ان جماعتوں کی قیادتوں نے سیاست کو کاروبار بنا رکھا ہے یہی وجہ ہے کہ عوام ان جماعتوں اور ان کی قیادتوں سے بیزار ہوچکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اور اس کے قائد جناب الطاف حسین نے صرف غریب ومتوسط طبقے کے حقوق کی باتیں ہی نہیں کی بلکہ اپنے عمل سے یہ ثابت کیا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک کی واحد جماعت ہے جو غریب ومتوسط طبقے کے حقوق کیلئے جدوجہد کررہی ہے۔الطاف بھائی نے غریب اور متوسط طبقے کے تعلیم یافتہ اور باشعور نمائندوں کو منتخب کراکے سینیٹ ،قومی اسمبلی ،صوبائی اسمبلیوں اور شہری حکومتوں کے ایوانوں میں بھیج کر ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کو یہ پیغام دیا ہے کہ ان کے مسائل ان کی حقیقی نمائندگی کرنے والے ہی حل کرسکتے ہیں۔ملک افضل تاجک نے کہا کہ بلوچستان کے غریب ومتوسط طبقے عوام کو ایک ایسے قائد اور جماعت کی تلاش تھی جو غریبوں کی حکمرانی کی بات کرے اور ان کے حقوق کے حصول کو ممکن بنائیں یہی وجہ ہے کہ ہم نے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد،ذمہ داران اور کارکنان کے کردار اور عمل کا بغور جائزہ لیا اور ہم نے دیکھا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے کالاباغ ڈیم اور بلوچستان میں جاری آپریشن سمیت تمام اہم مسائل پر حق گوئی کی ایسی مثال قائم کی ہے جس کی ماضی میں کوئی نظیر نہیں ملتی ۔جناب الطاف حسین نے این آر او اور بلوچستان میں جاری آپریشن کے خلاف آواز بلند کرکے عوام کے دل جیت لیے ہیں یہی وجہ ہے کہ ہم نے تاجک قوم اور تاجک قومی اتحاد کے تمام عہدیداروں اور کارکنان کے ہمراہ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا فیصلہ کیا ہے،اب ہمارا عزم یہ ہے کہ ہم متحدہ کو بلوچستان کی سب سے بڑی جماعت بنا کردم لیں گے اور قائد تحریک الطاف حسین کا پیغام پورے بلوچستان میں گھر گھر پہنچائیں گے۔

☆☆☆☆☆